नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

**No. of Questions : 10**

**No. of Printed Pages : 08**

# S–72 – Urdu (T.L.)

# SECONDARY EXAMINATION-2017

# URDU

**(Third Language)**

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

1. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے : **5**

(الف) سورج ڈوب رہا تھا۔ جنگل میں سفر کرنے کا وقت تو نہیں تھا مگر رگھوپت نے سوچا کہ ''اگر میں نے ذرا بھی دیر کی تو شاید میں لڑکے کی صورت بھی نہ دیکھ سکوں۔ اسی وقت چلنا چاہیے۔'' رگھوپت سنگھ اسی وقت چلنے کو تیار ہو گیا۔ جب رگھوپت سنگھ گھر پہنچا تو دروازے پر اکبر بادشاہ کے سپاہیوں میں سے ایک پہرہ دار نے کہا ''بادشاہ کا حکم ہے کہ تم جہاں ملو، پکڑ لیے جاؤ۔''

(ب) ہندوستان لمبا چوڑا ملک تو ہے ہی، کسی حصّے میں کوئی پراکرت بولی جاتی تھی کسی میں کوئی۔ اب جو بدھ مت کا مقابلہ کرنے کے لیے سادھو اور سنت پیدا ہوئے تو انھوں نے بھی عام لوگوں پر اپنا اثر ڈالنے کے لیے پراکرتوں ہی میں گیت اور بھجن لکھے اور دھرم کرم کی باتیں کیں۔ اس وقت دوسری پراکرتوں یا زبانوں کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں، اُتّری بھارت میں جو پراکرت بولی جاتی تھی، ہمیں اِسی سے کام ہے۔ اِس پراکرت کو شورسینی کہتے تھے۔

2. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے : **5 × 1 = 5**

(i) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا ؟

(ii) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا ؟

(iii) رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی ؟

(iv) چندو کے بارے میں بندو کے ذہن میں کیا خیال آیا ؟

(v) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا ؟

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے : **2 × 3 = 6**

(i) چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا ؟

**یا**

آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

(ii) انٹرنٹ سے طلبا کو کیا فائدے ہیں ؟

**یا**

آسمان میں کتنے تارے ہیں ؟ اونتی نے اس سوال کا کیا جواب دیا ؟

4. مندرجہ ذیل اجزائے نظم میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں، اور شاعر و نظم کا نام بھی لکھیں : **5**

(الف) یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری اِن کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسّر
ان نعمتوں کا تُجھ کو ہے قدرداں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(ب) جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اُس کو بھی مان ملے
جو پان کھِلاوے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

.5 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجئے : **5 × 1 = 5**

(i) اپنی ثنا آپ کون کرتا ہے ؟

(ii) مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

(iii) گلہری ایسا کون سا کام کرسکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے ؟

(iv) ساحرؔ لدھیانوی کب پیدا ہوئے ؟

(v) 'قدم بڑھاؤ دوستو' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

.6 (i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے **2 × 3 = 6**

یہ نمائش سراب کی سی ہے

اس شعر کا مطلب لکھئے۔

**یا**

''روحِ تعمیر'' کے زخم کھانے سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) ذوقؔ نے عقل پر فخر کرنے سے کیوں منع کیا ہے ؟

**یا**

'کوئی صورت نظر نہیں آتی' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

.7 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجئے : **8 × 3 = 24**

(i) فعل معروف کی تعمیر لکھئے۔

(ii) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف دو محاوروں کے معنی لکھئے اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :

(۱) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(۲) پھولا نہ سمانا

(۳) ہتھیار ڈالنا

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے :

(۱) عزت (۲) قسمت (۳) جان

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھئے :

(۱) دشمن (۲) خوشی (۳) نزدیک

(v) مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع لکھئے :

(۱) منزل (۲) مکان (۳) خط

(vi) مندرجہ ذیل الفاظ کے مؤنّث بنائیے :

(۱) بادشاہ (۲) مرد (۳) عالم

(vii) مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامتیں (نشان) لکھئے :

(۱) واوین (۲) سکتہ (کومہ) (۳) سوالیہ

(viii) مندرجہ ذیل مُرکّب الفاظ میں سے مضاف اور مضاف الیہ کو الگ الگ لکھئے :

(۱) تاجر کا گھوڑا (۲) مادرِ وطن (۳) نارِ نمرود

8. مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے : **4 × 2 = 8**

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں بہت جنگل تھے، مگر اب آبادی کے بڑھنے، شہروں کے آباد ہونے، کھیتی باڑی اور کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے جنگل کٹتے جا رہے ہیں۔ جنگلوں کی وجہ سے آب و ہوا اچھّی رہتی ہے۔ ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی۔ بارش خوب ہوتی ہے۔ باڑھ کی تیزی کم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلوں میں طرح طرح کی جڑی بوٹیاں، عمارتی لکڑی، گوند، کوئلہ، لاکھ، ربر، کاغذ بنانے کی لکڑی، تارپین کا تیل اور اسی طرح کی بے شمار چیزیں حاصل ہوتی ہیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا مناسب عنوان لکھئے۔

(ii) جنگل کیوں کٹتے جا رہے ہیں ؟

(iii) آب و ہوا کس کی وجہ سے اچھّی رہتی ہے ؟

(iv) جنگلوں سے ہمیں کیا-کیا چیزیں حاصل ہوتی ہیں ؟

9. چیئرمن، نگر پالکا، کو اپنے محلّے میں ہو رہی گندگی کی صفائی کرانے کے لئے درخواست لکھئے۔ **8**

**یا**

اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے، جس میں تعلیمی سفر (ٹور) پر جانے کی اجازت اور ایک ہزار روپئے طلب کئے گئے ہوں۔

10. درجِ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر تقریباً سو الفاظ میں مضمون لکھئے۔ عنوان کے ساتھ دیئے گئے اشاروں کو بھی استعمال کریں : 8

(i) کمپیوٹر

(ii) دیوالی

(iii) میری پسندیدہ شخصیت

(i) کمپیوٹر

اشارات

کمپیوٹر کیا ہے ؟

موجودہ دور میں کمپیوٹر کی اہمیت

معلومات کا خزانہ

فائدے اور نقصانات

(ii) دیوالی

اشارات

گھروں کی صفائی

دیئے جلانا

مٹھائیاں، نئے کپڑے

مبارک باد

(iii) میری پسندیدہ شخصیت

اشارات

حالاتِ زندگی

اہم خدمات

شخصیت

پسندیدگی کا سبب